ردِ مودودیت میں چند رسائل

مودودیت ہمارے معاشرے کا ایک اہم فتنہ ہے۔ اگرچہ بعض علمائے حق نے بہت پہلے اس فتنے کو پہچان لیا تھا۔ لیکن عام طور پر علما کی رواداری نے اسے پھولنے پھلنے کے لیے سازگار فضا فراہم کردی۔ جب عام علماء کو اس فتنے کا شعور پیدا ہوا اور اس کی سرکوبی کا خیال آیا تو معاشرے میں اس کی جڑیں بہت گہری ہو چکی تھیں بہرحال دینی حلقے اس طرف متوجہ ہوئے اور اس کے استیصال کی سعی کی اور اس سلسلے میں بہت سا مفید لٹریچر فراہم ہوگیا۔ حال ہی تین نہایت مفید رسالے نظر سے گزرے ہیں۔

۱۔ مودودی مذہب از مولانا قاضی مظہر حسین صاحب۔ ناشر سنی دارالاشاعت لاہور، قیمت ۱۸ روپے۔

۲۔ تنقید اور حق تنقید از مولانا محمد یوسف لدھیانوی، ناشر، سنی تحریک طلبہ پاکستان لاہور ڈویژن، قیمت ۴ روپے۔

۳۔ توہین انبیاءؑ۔ از مولانا غلام غوث ہزاروی، ناشر، خلافت راشدہ اکادمی اردو بازار لاہور، قیمت ؟

مسلمان — جدید سائنس کے موجدین

اس نام سے پروفیسر عبدالرؤف نوشہروی کی انگریزی زبان میں ایک کتاب حال میں شائع ہوئی ہے۔ یہ کتاب چار ابواب؛ ۱۔ اسلامی سائنس اور تکنیک؛ ۲۔ تین موجدین سائنس (۱) جابر بن حیان (۲) ابوالہثیم (۳) ابوریحان البیرونی؛ ۳۔ اشاعتِ علمی میں مسلمانوں کے اولین کاوشیں؛ ۴۔ اسلامائزیشن کے رہنما اصول، پر مشتمل ہے اور ہر باب میں کئی مباحث اور فصول ہیں۔ اس کا دیباچہ حکیم محمد سعید کے قلم سے ہے۔ کتاب نہایت ضروری معلومات اور اہم مباحث کی جامع اور سائنس کے طلبہ کے لیے نہایت مفید ہے۔ یہ کتاب اکیڈمی سائنس یونی ورسٹی ٹاؤن، پشاور سے مصنف نے خود شائع کی ہے صفحات ۲۱۶۔ قیمت: ۶۰/ روپے